سوال

(190) پیشاب سے استنجاء

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر صرف پیشاب کیا جائے تو کیا استنجاء کرنا لازمی ہے۔؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

پیشاب سے استنجاء کرنا ضروری ہے ورنہ پیشاب کے چھینٹے کپڑوں کو لگ جانے کا اندیشہ ہے۔ اور اگر پیشاب کپڑوں کو لگ گیا تو اس سے کپڑے ناپاک ہو جائیں گے، اور ناپاک کپڑوں سے نماز ادا نہیں ہوگی۔ ہاں البتہ اتنا یاد رہے کہ پیشاب کے بعد مختصر استنجا بھی کیا جا سکتا ہے یعنی آپ صرف ذکر کو ہی دھولیں اور باقی جگہ یعنی دبر وغیرہ کو نہ دھوئیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02